# 36600 ـ حج کی بنا پرمانع حیض اشیاء استعمال کرنی جائزہیں

**سوال**

کیا حج کی بنا پرعورت کےلیے مانع حیض گولیاں استعمال کرنی جائزہیں تا کہ وہ لوگوں کے ساتھ حج کرسکے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ایام رمضان میں عورت کےلیے مانع حیض گولیاں استعمال کرنے میں کوئي حرج نہیں تا کہ لوگوں کےساتھ روزے رکھے جاسکیں ، اورایام حج میں بھی لوگوں کے ساتھ طواف کرنے کے لیے مانع حیض گولیاں استعمال کی جاسکتی ہیں تا کہ اعمال حج میں تعطل پیدا نہ ہوسکے ۔

اوراگرگولیوں کے علاوہ کوئي اورمانع حیض چیزہوجس کے استعمال میں کوئي شرعی ممانعت نہ ہوتواس کے استعمال میں بھی کوئي حرج نہیں ۔ اھـ

شیخ عبدالعزیز بن باز رحمہ اللہ تعالی کی کلام ختم ہوئي .